THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
بانی ۔۔۔ میر خلیل الرحمٰن
جلد 51 جمعرات 9 ذیقعد 1430ھ 29 اکتوبر 2009ء 15 کاتک 2066ب نمبر 300
صفحات 16 قیمت 8 روپے

امراض قلب کے دس میں سے 9 مریض تمباکو نوشی کے عادی ہیں

سگریٹ کا دھواں خون کی نالیاں تنگ کر دیتا ہے جسکا انجام دل کے دورے پر ہوتا ہے

سگریٹ نوشی کے خلاف قانون موجود ہیں' ضرورت عملدرآمد کی ہے' مقررین کا خطاب

اسلام آباد (اپنے رپورٹر سے) امراض قلب کے 10 میں سے 9 مریض تمباکو نوشی کے عادی ہوتے ہیں۔ تمباکو نوشی کے خاتمہ کے قوانین پر عملدرآمد کرایا جائے۔ پاکستان میں 60 فیصد کے لگ بھگ بچے زندگی کے کسی نہ کسی مرحلے پر سگریٹ خریدتے ہیں۔ سگریٹ پر ٹیکس بڑھانے

باقی صفحہ 4 نمبر 17

سے 61 ارب روپے کا ٹیکس جمع ہونے کی توقع ہے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے وزارت صحت اور دی نیٹ ورک کے تعاون سے تمباکو نوشی کے حوالے سے منعقدہ ایڈووکیسی ورکشاپ کے شرکاء نے کیا' وزارت صحت کے ڈی جی عبدالرشید جھمہ نے کہا کہ تمباکو نوشی کے نقصانات فائدوں سے کہیں زیادہ ہیں تاہم اس کے باوجود اس کے استعمال میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے تاہم فیصلہ کیا گیا ہے کہ اب اس معاملے کو سنجیدگی سے لیا جائے گا تاکہ مسائل کو حل کیا جا سکے۔ عالمی ادارہ صحت کے پاکستان میں نمائندہ ڈاکٹر خلیف بلے نے کہا کہ تمباکو نوشی کے خاتمہ کیلئے قوانین موجود ہیں' ضرورت صرف ان پر عملدرآمد کی ہے' انسداد تمباکو نوشی سیل کے ڈی جی شاہین مسعود نے کہا کہ یکم فروری 2010ء سے سگریٹ کے پیکٹوں پر تمباکو نوشی کے حوالے سے تصاویر شائع کی جائیں گی تاکہ تمباکو نوشی کرنے والے افراد سگریٹ کے نقصانات سے آگاہ ہو سکیں تاہم اس وقت 6 سے 8 سال کے بچوں میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ امراض قلب کی ماہر ڈاکٹر نصرت آراء نے کہا کہ سگریٹ کا دھواں خون کی نالیوں کو تنگ کر دیتا ہے جس کی وجہ سے اس کا انجام دل کے دورے پر ہوتا ہے۔ امراض قلب کے 10 میں سے 9 مریض تمباکو نوشی کے عادی ہوتے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کے شہزاد عالم خان' ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز صوبہ سرحد ڈاکٹر فیصل قیوم بلوچستان کے نمائندہ ڈاکٹر نور اللہ ایف بی آر کے ڈائریکٹر غلام نبی کمبوہ' منسٹری آف انڈسٹریز کے سیکشن آفیسر قلب الدین' وزارت مذہبی امور کے ڈپٹی ڈائریکٹر نور سلام نے بھی اس موقع پر خطاب کیا۔